بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jama'at
INTERNATIONAL
(INDIA)

PRESS RELEASE

A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860

احمدیہ مسلم جماعت عالمگیر کے جلسہ سالانہ میں شرکت کے لئے ہزاروں افراد Hampshire میں جمع ہوئے

امام جماعت احمدیہ عالمگیر نے ایمان افروز خطاب ارشاد فرمایا

احمدیہ مسلم جماعت بریطانیا کا ۴۹واں جلسہ سالانہ کا آغاز مورخہ ۲۱/اگست کو ہیمپشائر کے میدان میں جو ''حدیقۃ المہدی'' کے نام سے معروف ہے نہایت ہی شان وشوکت کے ساتھ ہوا۔ یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ دنیا کے ۹۰ مختلف ممالک سے تیس ہزار سے زائد افراد سفر کر کے اس جلسہ میں شرکت کر رہے ہیں۔

جمعۃ المبارک کے روز عالمگیر جماعت احمدیہ کے روحانی امام اور پانچویں خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور بعد ازاں جلسہ سالانہ کے پیش نظر افتتاحی خطاب بھی ارشاد فرمایا جس میں آپ نے فرمایا ہے کہ جلسہ سالانہ کا مقصد اسلام کی امن بخش اور حقیقی تعلیمات کو فروغ دینا ہے۔

اس موقعہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے لوائے احمدیت لہرایا اور پُرسوز دعائیں کیں۔

اپنے خطاب میں حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا کہ جلسہ سالانہ جہاں خدا تعالیٰ پر ایمان و یقین میں اضافہ کا باعث بنتا ہے وہیں آپسی بھائی چارہ اور انسانیت کے جذبہ میں بھی اضافہ کا موجب بنتا ہے۔

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

’’قرآن مجید کی تعلیمات کی روشنی میں ایک مسلمان کو انسانیت کے لئے ایسی محبت اپنے دل میں پیدا کرنی چاہئے کہ جب وہ کسی انسان کو تکلیف میں دیکھے تو اس کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے وہ خود بے چین ہو جائے۔ ایک حقیقی مسلمان کو چاہئے کہ ہمیشہ دوسروں کے جذبات کا خیال رکھے اور اپنے آرام و آسائش کو دوسروں کی دکھ تکلیف دور کرنے کے لئے قربان کر دے۔‘‘

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

’’آج اور اس زمانہ میں افسوس ہے کہ کچھ مسلمانوں نے اسلامی تعلیمات کو اس حد تک غلط رُخ دیا ہے کہ دنیا اسلام کی حسین اور خوبصورت تعلیمات کے بارہ میں خوف زدہ ہے۔‘‘

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے مزید فرمایا:

”جب احمدیہ مسلم جماعت کی طرف سے دنیا کے سامنے حقیقی اسلامی تعلیمات پیش کی جاتی ہیں تو لوگ حیرت کا اظہار کرتے ہیں۔ بہتوں نے مجھے ذاتی طور پر کہا ہے کہ اگر یہی اسلام کی حقیقی تعلیمات ہیں جو آپ پیش کرتے ہیں تو پھر دنیا ایک مرتبہ پھر خوشی کے ساتھ مذہب اور اسلام کی طرف متوجہ ہوگی۔“

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

”مسلمانوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ پُرامن زندگی گذاریں۔ حضرت محمد مصطفی ﷺ نے فرمایا ہے کہ ”مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے لوگ محفوظ ہیں۔“

حضور انور نے فرمایا کہ احمدی مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ ہمیشہ اپنی روحانی اور اخلاقی معیار کو بلند کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔

احمدیہ مسلم جماعت کے عالمی چینل MTA انٹرنیشنل کے ذریعہ دنیا بھر میں لاکھوں احمدی اس جلسہ کا براہ راست مشاہدہ کرتے ہیں۔ ہندوستان اور قادیان میں بھی احمدی احباب MTA کے ذریعہ سے جلسہ کے اس روحانی ماحول سے استفادہ کر رہے ہیں اور اپنے پیارے امام اور خلیفہ کا دیدار کرتے ہیں اور ان کی نصائح کو سن کر اپنے ایمان و اخلاص میں بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔

کے۔ طارق احمد

انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت

END RELEASE

For further details please contact:
Incharge Press & Media, Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988, Email: pressamjindia@gmail.com,
Tel: +91-1872-500311, Fax: +91-1872-500178
Noorul Islam Toll Free Number: 1800-3010-2131